عتیق الرحمٰن، مولانا عبدالمعبود، پروفیسر مولانا اسلم نقشبندی، ڈپٹی کمشنر حاجی اشرف علی مروت، مولانا عبدالخالق ہزاروی اسلام آباد، پروفیسر قبلہ ایاز، مولانا مطلع الانوار فاضل دیوبند، مولانا امداد اللہ یوسفزئی جامعہ بنوریہ نیو ٹاؤن، عالمی تحفظ ختم نبوت کے امیر مولانا عبدالحفیظ مکی، اقراء روضۃ الاطفال کے نگران مفتی خالد محمود اور جامعہ بنوری ٹاؤن کراچی کے مدرس اور ماہنامہ بینات کے مدیر مولانا اعجاز مصطفیٰ، مولانا مفتی محمد جمیل شہید کے فرزند مولانا محمد سلمان، مولانا محمد مکی جبکہ شمالی اور جنوبی وزیرستان کے گرینڈ جرگہ کے ۴۰ ممبران تعزیت کیلئے تشریف لائے۔

زیرتعمیر جامع مسجد کے حوالے سے مردان میں مشاورتی اجلاس

☆ ۲۶ر دسمبر کو دارالعلوم حقانیہ کی زیرتعمیر جامع مسجد مولانا عبدالحقؒ کے حوالے سے مردان میں فضلا و متعلقین دارالعلوم حقانیہ کا مشاورتی اجلاس مولانا محمد اکرام الحق حقانی کی جامع مسجد باغ میں منعقد ہوا، اجلاس میں ضلع مردان اور اس کے مضافات سے فضلاء نے شرکت کی، دارالعلوم حقانیہ کے شیوخ واساتذہ، حضرت مہتمم صاحب، مولانا انوار الحق، مولانا عبدالحلیم دیربابا، مولانا مغفور اللہ بابا، مولانا سعید الرحمٰن، مولانا سید یوسف شاہ، مولانا عرفان الحق، مولانا سلمان الحق، مولانا اسرار مدنی، مولانا لقمان الحق صاحبان وغیرہ نے شرکت کی اجلاس سے پہلے مولانا اکرام الحق نے شیوخ حقانیہ کوایک پرتکلف ظہرانہ دیا۔ جس میں مردان کے اہم علمی شخصیات مولانا سجادالحجابی وغیرہ نے شرکت کی۔

دعائے مغفرت کی اپیل : ☆ میاں حضران باچا دارالعلوم حقانیہ کے قدیم ممبر ومعاون خصوصی اور جناب میاں فیصل صاحب کے برادر اصغر جاوید شاہ انتقال کرگئے، حضرت مہتمم صاحب نے نماز جنازہ پڑھا۔ والد گرامی اور حضرت مولانا انوار الحق سمیت دیگر اساتذہ نے تعزیت کی

☆ ۱۸ر دسمبر کو دارالعلوم حقانیہ کے اولین اورقدیم ترین فاضل مولانا قاضی فضل منان کی وفات پر چارسدہ عمرزئی تشریف لے گئے جنازہ پڑھانے سے قبل تعزیتی خطاب بھی فرمایا۔

☆ ۲۳ر دسمبر کومولانا محمد طیب طاہری امیر اشاعت التوحید کے جواں سال اور اکلوتے فرزند اور میجر عامر کے بھتیجے محمد یمان ٹریفک حادثے میں شہید ہوئے۔ حضرت مولانا سمیع الحق تعزیت کیلئے پنج پیر تشریف لے گئے۔

☆ رفیق موتمر المصنفین مولانا فہد مردانی کے دادا اور قاری محمد یونس صاحب کے والد حاجی امیر نواب خان کی وفات پر مردان تشریف لے گئے اور جنازہ پڑھایا۔

☆ دارالعلوم کیساتھ یوم تاسیس سے وابستہ خاندان کے بزرگ حاجی نصر اللہ خان خٹک اور سٹبلشمنٹ کے اہم وفاقی عہدوں پر فائز جناب حبیب اللہ خٹک جہانگیرہ کے والد انتقال فرماگئے، نماز جنازہ حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ نے پڑھایا، نائب مہتمم مولانا انوار الحق ودیگر اساتذہ اراکین نے شرکت کی۔

☆ اکوڑہ خٹک مصری بانڈہ کے سرکردہ شخصیت سابق صوبائی وزیر قومی اسمبلی کے رکن جناب ولی محمد خان صاحب انتقال فرماگئے نماز جنازہ مولانا انوار الحق نے پڑھایا بعد میں حضرت مہتمم صاحب نے انکے گھر جاکر تعزیت کی۔